16-05-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ تلنگانہ میں آئندہ ماہ 15 جون سے فہرست رائے دہندگان پر خصوصی نظر ثانی مہم شروع ہوگی۔

۲۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حیدرآباد کے ریلوے اسٹیشنوں کی پرانی رونق اور شان و شوکت واپس لائی جائے گی۔

۳۔ ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ سرکاری دواخانوں میں کارپوریٹ سطح کی طبی سہولیات فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

اور

۴۔ آئی پی ایل کرکٹ ٹورنمنٹ میں آج کولکتہ کے ایڈن گارڈن اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے میچ میں کولکتہ نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔

TELANGANA SIR

تلنگانہ میں آئندہ ماہ 15 جون سے فہرست رائے دہندگان پر خصوصی نظر ثانی مہم شروع ہونے جا رہی ہے۔ ریاست کے چیف الکٹورل آفیسر سدرشن ریڈی نے انکشاف کیا کہ تقریباً 25 سال بعد ریاست میں یہ عمل دوبارہ شروع کیا جا رہا ہے۔ حیدرآباد میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ 25 جون سے 24 جولائی تک بی ایل اوز (بوتھ لیول آفیسرس) گھر گھر جا کر تصدیق کا کام انجام دیں گے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ہر ووٹر کو دو اینومریشن فارم دیئے جائیں گے جن میں سے ایک فارم پُر کر کے واپس جمع کرانا ہوگا اور دوسرا فارم بطور رسید ووٹر اپنے پاس محفوظ رکھے گا۔ انہوں نے بتایا کہ آن لائن اینومریشن کا موقع بھی

دستیاب رہے گا۔ان تفصیلات کی بنیاد پر 31 جولائی کو ووٹرلسٹ کا مسودہ جاری کیا جائے گا جس پر 30 اگست تک اعتراضات داخل کئے جاسکتے ہیں۔سی ای او نے بتایا کہ رائے دہندوں کی حتمی فہرست یکم اکتوبر کو شائع کی جائے گی۔انہوں نے واضح کیا کہ اس خصوصی مہم کا بنیادی مقصد ہر اہل شہری کو ووٹ کا حق فراہم کرنا ہے۔

NAGENDRABABU HYD PTC

KISHAN REDDY

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حیدرآباد کے ریلوے اسٹیشنوں کی پرانی رونق اور شان وشوکت واپس لائی جائے گی اور وہاں ایئرپورٹ کی طرز پر لفٹ اور ایسکلیٹرس جیسی جدید ترین سہولیات فراہم کی جائیں گی۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے حیدرآباد کے پرانے شہر کے علاقوں ملک پیٹ اور اپوگوڑہ ریلوے اسٹیشنوں کے تزئین نو کے کاموں کا معائنہ کیا۔بعدازاں میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے انکشاف کیا کہ شہر کے سکندرآباد اسٹیشن کو 720 کروڑ روپے اور ناملی اسٹیشن کو 350 کروڑ روپے کی لاگت سے بین الاقوامی معیار کے مطابق ترقی دی جارہی ہے۔انہوں نے یہ بھی بتایا کہ نئے کومراویلی ریلوے اسٹیشن کا کام سو فیصد مکمل ہو چکا ہے اور اسے اگلے ماہ کے پہلے ہفتہ تک کھول دیا جائے گا۔کشن ریڈی نے واضح کیا کہ ایم ایم ٹی ایس کے دوسرے مرحلہ اور یادادری لائن کی توسیع کے کام بھی تیزی سے جاری ہیں اور ان کی حکومت کا مقصد شہر کے تمام علاقوں کو یکساں طور پر ترقی دینا ہے۔

PTC

MANGOES

زرعی تنظیموں کے سکریٹری ایم ناگی ریڈی نے کہا ہے کہ سنگاریڈی کا مینگوفروٹ ریسرچ سنٹر آم کے جینیاتی تحفظ اور زیادہ پیداوار دینے والی اقسام پر تحقیق کے شعبہ میں شاندار خدمات انجام دے رہا ہے۔ سنگاریڈی مینگوفروٹ ریسرچ سنٹر میں آم کی مختلف اقسام، پودوں اور تحقیقی مرکز کی جانب سے تیار کردہ پھلدار پودوں کے ایک میلہ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے زرعی کوآپریٹو سوسائٹیز کے سکریٹری ناگی ریڈی نے کہا کہ کسانوں کی فلاح و بہبود کو اپنا مقصد بنا کر کام کرنے والے سنگاریڈی ریسرچ سنٹر کی کوششیں انتہائی قابل ستائش ہیں۔ اس پروگرام میں سنگاریڈی فروٹ ریسرچ سنٹر کی اہم شخصیات ڈاکٹر وجئے لکشمی، ڈاکٹر کے مونکا، ہارٹیکلچر یونیورسٹی کے رجسٹرار بھگوان اور وائس چانسلر راجی ریڈی سمیت دیگر عہدیدار موجود تھے۔

SANGAREDDY PTC

DENGUE

ملک بھر میں آج قومی یومِ انسدادِ ڈینگی منایا جا رہا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد مچھروں کی افزائش کو روکنا اور اس سلسلہ میں بیداری پیدا کرنا ہے جس کے تحت پانی کو جمع ہونے سے روکنے اور پانی کے ٹینکوں کی صحیح دیکھ بھال جیسی بنیادی احتیاطی تدابیر کو فروغ دیا جاتا ہے۔

DESK

IPL

آئی پی ایل کرکٹ ٹورنمنٹ میں آج کولکتہ کے ایڈن گارڈن اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے میچ میں کولکتہ نائٹ رائیڈرس کا مقابلہ گجرات ٹائٹنس سے ہوگا۔ یہ میچ آج رات 07:30 بجے شروع ہوگا۔

DESK

BANDI SANJAY

مرکزی مملکتی وزیرداخلہ بنڈی سنجے نے ایک بیان میں انکشاف کیا ہے کہ مرکزی حکومت نے کریم نگر میونسپل کارپوریشن کی ترقی کے لئے اربن چیلنج فنڈ اسکیم کے تحت 895 کروڑ روپے مالیت کے مختلف پراجکٹس کواصولی منظوری دے دی ہے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ ان فنڈس سے شہر میں ٹرانسپورٹ کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے ماڈل روڈس، جنکشنس ، اسکائی واکس اور فٹ اوور برجس کی تعمیر جیسے کام کئے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ ان پراجکٹس کے معائنہ کے لئے مرکزی عہدیداروں کی ایک ٹیم آج کریم نگر کا دورہ کرے گی اور مقامی حکام کے ساتھ اجلاس منعقد کرے گی۔

PTC KARIMNAGAR

WORKSHOP

حکومت تلنگانہ اِپاپُو کو قبائیلوں کی معاشی ترقی کا بنیادی ذریعہ بنانے کے لئے ایک جامع ایکشن پلان تیار کررہی ہے۔ سکریٹریٹ میں وزراء اے لکشمن کمار، سیتکا اور ایم پی ویم نریندر ریڈی کی قیادت میں مہوا فلاور پراجکٹس پر ایک خصوصی ورک شاپ کا انعقاد کیا گیا۔ اس اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اموا کے پھولوں سے لڈو، ہیلت فوڈس اور ہربل ٹی جیسی قیمتی اشیاء تیار کی جائیں

اور سیلف ہیلپ گروپس کے ذریعہ انہیں ٹائٹل نیچرل فوڈ برانڈس کے نام سے بین الاقوامی مارکٹ سے جوڑا جائے۔ قائدین نے بتایا کہ اس پراجکٹ کے ذریعہ ڈھائی لاکھ قبائلی خاندانوں کو مستقل روزگار ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم ایل اے انیرودھ ریڈی اور پروفیسر وینکٹ رمیا کی کے پریزنٹیشن کے ذریعہ اس پراجکٹ پر عمل درآمد کے لیے ایک واضح حکمت عملی تیار کرلی گئی ہے۔

DESK

MEETING

حیدرآباد میں وزیر پونم پربھاکر کے دفتر میں کریم نگر پارلیمانی حلقہ کے انچارجس اور مبصرین کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں وزیر پونم پربھاکر کے ساتھ پارلیمنٹ کوارڈی نیٹر کونا سری شیلم گوڑ، سرکاری وہپ آدی سرینواس، ایم ایل اے ایم ستیم، کے ستیہ نارائن اور کانگریس کے کئی دیگر اہم قائدین نے شرکت کی۔ قائدین نے کریم نگر پارلیمانی حلقہ میں کانگریس پارٹی کو تنظیمی طور پر مضبوط کرنے اور علاقہ کی ترقی کے لئے مستقبل میں کئے جانے والے مختلف پروگراموں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔

DESK

SRIDHAR BABU

وزیر آئی ٹی ڈی سریدھر بابو نے الزام لگایا ہے کہ مرکزی حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کرکے عام آدمی پر شدید مالی بوجھ ڈال رہی ہے۔ انہوں نے سنگاریڈی میں جگاریڈی کی رہائش گاہ پر صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ 8 ریاستوں کے انتخابات کے بعد تیل کی

قیمتیں نہ بڑھانے کا اعلان کرنے والے مرکزی وزیر نے حال ہی میں کمرشل سلنڈر کی قیمت میں ایک ہزار روپے کا اضافہ کیا اور اب پٹرول کی قیمتوں میں تین روپے فی لیٹر کا اضافہ کر دیا جس سے عام افراد پر شدید بوجھ پڑ رہا ہے۔

PTC SANGA REDDY

PETROL DIESEL-REVANTH REDDY

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے مرکزی حکومت کی جانب سے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کیے گئے اضافہ کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔انھوں نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مودی حکومت کی نااہل حکمرانی اور ناقص پالیسیوں کی وجہ سے ملک کی معیشت تباہ ہو چکی ہے اور روپے کی قدر میں گراوٹ آئی ہے۔انھوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انتخابات سے پہلے قیمتیں نہ بڑھانے کا اعلان کرنا اور انتخابی نتائج آنے کے محض دس دن کے اندر اضافہ کرنا عوام کے ساتھ دھوکہ دہی ہے۔ایران اسرائیل تنازعہ کا بہانہ بنا کر پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں تین روپے فی لیٹر سے زیادہ کا اضافہ عام آدمی پر بجلی گرانے کے مترادف ہے۔انھوں نے تشویش کا اظہار کیا کہ اس فیصلہ سے اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بڑھ جائیں گی اور غریبوں پر بوجھ بڑھے گا۔انھوں نے مطالبہ کیا کہ مرکز فوری طور پر ایندھن کی بڑھائی گئی قیمتوں کو واپس لے۔

PTC HYD

Telangana Activists Committee

ریاستی حکومت نے تلنگانہ تحریک کے مجاہدین کی شناخت کرنے اور ان کی خدمات کا اعتراف کرنے کے لیے ایک خصوصی کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے جی او جاری کیا ہے۔حکومت کے مشیر کے

کے کیشو راؤ اس کمیٹی کے چیئرمین ہوں گے جبکہ وزیر پونم پربھاکر، پروفیسر کودنڈارام، اے دیاکر، ایس راملو نائک اور شوبھن ریڈی بطور ارکان شامل ہیں، جی اے ڈی پولیٹیکل سکریٹری اس کمیٹی کے کنویز ہوں گے۔ اس کمیٹی کی بنیادی ذمہ داری تحریک میں حصہ لینے والوں کی شناخت کے لئے واضح معیارات طے کرنا، فہرست تیار کرنا اور انہیں فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں حکومت کو سفارشات پیش کرنا ہے۔حکومت نے کمیٹی کو ہدایت دی ہے کہ وہ جتنی جلدی ہو سکے اپنی رپورٹ پیش کرے۔

DESK

VAKATI SRIHARI

وزیر اسپورٹس وی ہری نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت نارائن پیٹ ضلع کے مکتھل حلقہ کی مجموعی ترقی کے لئے بڑے پیمانہ پر فنڈس منظور کر رہی ہے۔ مکتھل منڈل ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے یہ بات کہی۔

PTC MAHBOOB NAGAR

Govt hospitals- Jupalli

ریاستی وزیر جوپلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ سرکاری دواخانوں میں کارپوریٹ سطح کی طبی سہولیات فراہم کرنے کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کوشاں ہے کہ غریب اور متوسط طبقہ کے لوگوں کو علاج کے لئے خانگی دواخانوں میں جا کر مالی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے بلکہ انہیں تمام طبی خدمات سرکاری دواخانوں میں ہی میسر آئیں۔ وزیر نے آج کولہاپور ایریا ہاسپٹل کا اچانک معائنہ کیا۔اس موقع

پر انہوں نے ڈائیلاسس کے مریضوں کو درپیش بڑے مسئلہ کو حل کرتے ہوئے اعلان کیا کہ دواخانہ میں آج ہی سے 24 گھنٹے بلاتعطل برقی کی فراہمی شروع کردی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ کولہاپور ایریا ہاسپٹل میں جلد ہی مکمل خدمات کو مزید وسعت دی جائے گی۔انہوں نے عوام سے اس موقع کا فائدہ اٹھانے کی اپیل کی۔بعدازاں وزیر نے محکمہ ثقافت کے زیر اہتمام کولہاپور شہر میں 3 کروڑ روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے امبیڈکر کلا بھون کے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔انہوں نے تعمیراتی جگہ کا دورہ کرکے کام کی پیش رفت کا معائنہ کیا۔

PTC-Nagar Kurnool

SANGAREDDY. PTC

متحدہ آندھرا پردیش ہائی کورٹ کے سابق جج اور تلنگانہ کے انسانی حقوق کمیشن کے پہلے چیئرمین،جسٹس ڈاکٹر جی چندریا حیدرآباد میں علالت کے باعث چل بسے۔وزیر صحت دامودر راج نرسمہا نے ان کی موت پر گہرے دکھ اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔وزیر موصوف نے کہا کہ تلنگانہ اسٹیٹ ہیومن رائٹس کمیشن کے چیرمین کے طور پر ان کی خدمات قابل ستائش تھیں اور عوامی حقوق کے تحفظ میں ان کا کردار ہمیشہ یادرکھا جائے گا۔انہوں نے یاددلایا کہ ایک دوردراز علاقے اور غریب خاندان میں پیدا ہونے کے باوجود جسٹس چندریا نے انتہائی عام سطح سے اپنی محنت اور لگن کے بل بوتے پر اعلیٰ مقامات حاصل کئے اور نوجوانوں کے لئے ایک مثال قائم کی۔

PTC, Sangareddy

Baswapur LAND:

بھونگیر حلقہ کے ایم ایل اے، کے انیل کمار ریڈی نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع یادادری بھونگیر میں بسواپور پراجکٹ کے تحت اپنی اراضیات سے محروم ہونے والے متاثرین کے لئے آر اینڈ آر پیکیج کے فنڈس فوری طور پر جاری کئے جائیں۔انہوں نے آج حیدرآباد میں سکریٹریٹ کے اندر چیف سکریٹری رام کرشنا راؤ سے ملاقات کی اور اس سلسلہ میں تبادلہ خیال کیا۔

PTC Yadadri Bhongir